## سوال

(318) کیا ننگے سر نماز پڑھنے سے نماز مکروہ ہو جاتی ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک دن ننگے سر نماز پڑھ رہا تھا نماز کے بعد ایک شخص نے مجھے کہا کہ تمہاری نماز مکروہ ہوگئی ہے کیا نماز کے دوران سر پر کپڑا رکھنا لازمی ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بحالتِ نماز کسی حدیث میں سر پر کپڑا رکھنا ضروری قرار نہیں دیا گیا۔ البتہ سر ڈھانپنا عام زندگی کا شعار ہونا چاہیے۔ ننگے سر رہنا مروّت اور عادات نبوی کے خلاف ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 305

## محدث فتویٰ